SUN.19.Nov.2023
VOLUME:18 NO:297
PRICE: 3=00
Mob:8055362952
Pages:4

waraquetaza.com
www.facebook.com/waraquetazaonline
waraquetaza.com/E-paper


Established: May 1994 قائم شدہ: مئی

روزنامہ
# ورقِ تازہ
ناندیڑ

RNI No. MAHURD/2006/16935
ناندیڑ اور پربھنی سے علاحدہ ایڈیشن کی اشاعت

بروز اتوار 19 / نومبر 2023
جلد: 18 شمارہ 297
4 / جمادی الاولیٰ 1445ھ
قیمت 00=3 روپے
صفحات: 4

THE WARAQU-E-TAZA URDU DAILY NANDED
Email:waraquetazadaily@yahoo.co.in- waraquetazadaily@rediffmail.com
HON'RY EDITOR :Mohd.Taqui (M.A,B.Ed)
اعزازی مدیر: محمد تقی (ایم ۔ اے، بی ۔ ایڈ)









## حلال سرٹیفائیڈ مصنوعات فروخت کرنے والی
# کمپنیوں پر یوگی حکومت کی کارروائی، جمعیۃ سمیت کئی تنظیموں پر ایف آئی آر

لکھنؤ: 18 / نومبر (ایجنسیز) اتر پردیش پولیس نے جعلی دستاویزات کا استعمال کرتے ہوئے حلال سرٹیفائیڈ مصنوعات فروخت کرنے کے الزام میں کئی کاروباری اداروں کے خلاف مقدمات درج کیے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق اس کے بعد یوگی حکومت بھی حلال سرٹیفکیٹ جاری کرنے والی کمپنیوں پر سخت ہو گئی ہے اور ان پر کارروائی کی ہدایت دی گئی ہے۔ حلال سرٹیفکیٹ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ کوئی پروڈکٹ اسلامی قانون کے مطابق تیار کی گئی ہے اور اس میں ملاوٹ نہیں ہے۔ پولیس کے مطابق ان کاروباروں نے جعلی دستاویزات کے ذریعے اپنی مصنوعات کے لیے حلال سرٹیفکیشن حاصل کیا۔ فرسٹ انفارمیشن رپورٹ (ایف آئی آر) میں جن کاروباروں کا نام لیا گیا ہے ان میں سے ایک




چنئی میں واقع حلال انڈیا پرائیویٹ لمیٹڈ ہے۔ حضرت گنج پولیس اسٹیشن میں درج ایف آئی آر میں شیلیندر کمار شرما نے الزام لگایا ہے کہ یہ کمپنیاں مختلف مصنوعات کے لیے حلال سرٹیفکیٹ جاری کر رہی ہیں۔ اس سرٹیفکیٹ کے ساتھ ریاست کے عوام کے ایمان کے ساتھ کھلواڑ کیا جا رہا ہے۔ حلال سرٹیفکیشن دینے کے بعد اشیاء فروخت کرنے والی نامعلوم کمپنیوں کے خلاف ایف آئی آر درج کر لی گئی ہے۔ ان کمپنیوں کے خلاف آئی پی سی کی دفعہ 120B، 153A، 467,420,384,298, 505,471,468 کے تحت مقدمات درج کیے گئے ہیں۔ جعلی حلال سرٹیفکیشن مبینہ طور پر کاسمیٹکس، ٹوتھ پیسٹ، تیل اور صابن سے لے کر مختلف قسم کی مصنوعات فروخت کرنے کے لیے استعمال کیے جا رہے تھے۔ پولیس نے اس معاملے میں کئی انجمنوں کو بھی نامزد کیا ہے، جن میں دہلی کی جمعیۃ علماء ہند حلال ٹرسٹ، حلالہ کونسل آف انڈیا اور جمعیۃ علماء ممبئی شامل ہیں۔ خیال رہے کہ دنیا بھر میں تقریباً 2 ارب مسلمان ہیں جن میں سے تقریباً 40 لاکھ امریکہ میں رہتے ہیں۔ حلال سرٹیفائیڈ مصنوعات امریکہ میں بڑے پیمانے پر فروخت ہوتی ہیں اور دنیا بھر میں بھی پہنچتی ہیں۔ اب حلال کی مانگ بڑھنے لگی ہے اور ہندوستان میں بھی حلال مصنوعات بڑے پیمانے پر فروخت ہو رہی ہیں۔

# غزہ ہاسپٹل میں برقی بند، آئی سی یو میں کوئی مریض زندہ نہیں رہا
## اسرائیلی وزیر اعظم الشفا ہاسپٹل میں 'سراب' کے پیچھے بھاگ رہے تھے: ابوعبیدہ

غزہ: 18 / نومبر (ایجنسیز) مقبوضہ فلسطین کے علاقہ غزہ میں الشفا ہاسپٹل کے اسرائیلی محاصرہ کے باعث طبی سہولیات نہ ہونے سے انتہائی نگہداشت کے وارڈ میں تمام مریض شہید ہو گئے۔ اسرائیل نے الشفا ہسپتال کا گھیراؤ جاری رکھا ہوا ہے، سیکڑوں محصور افراد اور طبی سہولیات نہ ہونے سے مریضوں کی جانیں خطرہ میں ہیں۔ اے ایف پی کے مطابق وزارت صحت نے یہ اعلان ایسے وقت کیا جب اسرائیل نے غزہ میں ایک دن میں ایندھن کے 2 ٹرکوں کے داخلہ کی اجازت دینے کی امریکی درخواست پر رضامندی ظاہر کی۔ اقوام متحدہ کا کہنا ہے کہ اسرائیلی فوج نے الشفا کا ریڈیالوجی ڈپارٹمنٹ تباہ کر دیا، ہسپتال میں رکھی کئی لاشیں بھی نکال دیں۔ الشفاء ہاسپٹل کے ڈائرکٹر کے مطابق الشفاء ہاسپٹل میں کوئی آئی سی یو مریض اب زندہ نہیں رہا۔ الشفاء میں رات گئے کم از کم 22 فلسطینی جبکہ 3 دن میں 55 افراد انتقال کر چکے۔ اس سے قبل انتظامیہ نے کہا کہ الشفا ہسپتال میں ہر ایک منٹ میں ایک فلسطینی شہید ہو رہا ہے، نومولود اور شیر خوار بچوں سمیت بوڑھے اور ہر مریض موت کے قریب ہے اور اسرائیلی محاصرے کے باعث الشفا ہسپتال زندہ لوگوں کے لیے کھلا قبرستان بن ہو چکا ہے۔ انتظامیہ نے کہا تھا کہ دنیا کی آنکھوں کے سامنے بے گناہ لوگوں اور بچوں کو مرنے کیلئے چھوڑنا جنگی جرائم سے کم نہیں، اسرائیل نے نوزائیدہ بچوں کے انکوبیٹر فراہم کر دیا مگر بجلی کے بغیر وہ تابوت سے کم نہیں۔ خیال رہے کہ الشفا ہاسپٹل میں 7000 افراد محصور ہیں جن میں مریض، طبی عملہ اور پناہ لینے والے فلسطینی شامل ہیں، محصور فلسطینیوں کے پاس نہ پانی ہے، نہ بجلی اور نہ ہی دیگر ضروریات زندگی میسر ہے۔ دریں اثناء حماس کے عسکری ونگ، عزالدین القسام بریگیڈز نے کہا ہے کہ اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو غزہ کے شفا ہسپتال میں "سراب" کے پیچھے بھاگ رہے تھے۔ القاسم بریگیڈ کے ترجمان ابوعبیدہ نے حماس کے ٹیلی گرام اکاؤنٹ پر شائع ہونے والی آڈیو ریکارڈنگ میں میدان جنگ میں ہونے والے تصادم کے بارے میں معلومات دیں اور اپنا جائزہ پیش کیا۔ ابوعبیدہ نے اپنی تقریر کے آغاز میں یاد دلایا کہ القسام بریگیڈز 42 دنوں سے اسرائیلی افواج کے خلاف اپنی دفاعی کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ یہ بتاتے ہوئے کہ ہم نے ایک طویل اور مسلسل دفاع کے لیے تیاریاں کی ہیں، ابوعبیدہ نے دعوی کیا کہ غزہ میں اسرائیلی افواج کا ہر لمحہ ان کے لیے نقصان کا باعث بنے گا۔ تل ابیب کی انتظامیہ سے مخاطب ہوتے ہوئے ابوعبیدہ نے کہا کہ انہوں نے جتنے اسرائیلی فوجیوں کو مارا ہے ان کی تعداد اندازے سے کہیں زیادہ ہے۔ اس بات کا ذکر کرتے ہوئے کہ القسام بریگیڈز نے حملوں کے آغاز سے ہی قیدیوں کے تبادلے کے معاہدے کے لیے اپنے مطالبے کا اعادہ کیا ہے، ابوعبیدہ نے کہا کہ اسرائیل نے اسیروں کو قربان کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ابوعبیدہ نے کہا کہ جب مزاحمتی قوتیں میدان میں لڑ رہی ہیں اور اسرائیلی افواج کو جانی نقصان پہنچا رہی ہیں تو اسرائیلی فوج پر بے بنیاد الزامات" کے ساتھ اسپتالوں پر حملے کرتے ہوئے خواتین اور بچوں کا بڑی بے دریغی سے قتل کر کے جنگی جرائم کی مرتکب ہو رہی ہے۔ ابوعبیدہ نے وزیر اعظم نیتن یاہو اور ان کے "بزدل" سپاہیوں کی شفا اسپتال میں مزاحمتی فورسز کی تلاش کو "مضحکہ خیز" قرار دیتے ہوئے اسے سراب کا پیچھا کرنے" سے تشبیہ دی اور کہا کہ اس صورتحال سے اسرائیل کے تکبر اور ساتھ ہی اس کی نامردی کا مظاہرہ ہوا ہے۔ ابوعبیدہ نے کہا کہ "اسرائیلی فوج کا شفا ہسپتال میں ٹینکوں کے ساتھ داخل ہونا اس کی ناکامی اور انسانی حقوق کا ڈھنڈورا پیٹنے والوں کے عیب کی سب سے بڑی دلالت ہے۔"

## کانگریس نے 40 ہزار سے زیادہ مینوفیکچرنگ یونٹس بند کرنے پر مرکز کی تنقید کی

نئی دہلی: 18 / نومبر (ایجنسیز) کانگریس نے ہفتہ کے روز کورونا وبائی مرض کے بعد 40175 مینوفیکچرنگ یونٹس کے بند ہونے پر مرکز پر حملہ کرتے ہوئے کہا کہ معیشت کی ریڑھ کی ہڈی تباہ ہو رہی ہے لیکن وزیر اعظم اپنے قریبی دوستوں کی حمایت اور مہم چلانے میں مصروف ہیں۔ ایکس پر ایک پوسٹ میں کانگریس کے جنرل سکریٹری (مواصلات) جے رام رمیش نے کہا، "مینوفیکچرنگ سیکٹر، جو ملک کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے، تباہ ہو رہا ہے۔ کوویڈ کے دور کے بعد دو سالوں میں 40175 مینوفیکچرنگ کمپنیاں بند ہو چکی ہیں۔ لیکن وزیر اعظم نے اس کے بارے میں کوئی خیال نہیں ہے۔ وہ اپنے قریبی لوگوں اور انتخابی مہم کو فائدہ پہنچانے میں مصروف ہیں۔" انہوں نے کہا، "بڑی کمپنیاں بڑھ رہی ہیں اور چھوٹی کمپنیاں مر رہی ہیں۔ یہ ایک بار پھر ثابت کرتا ہے جو ہم بھارت جوڑو یاترا کے وقت سے کہہ رہے ہیں کہ مودی حکومت میں ملک میں معاشی عدم مساوات بڑھ رہی ہے۔

## تلنگانہ میں بی جے پی برسر اقتدار آنے پر
## مسلم ریزرویشن ختم کردیا جائے گا: امیت شاہ

حیدرآباد: 18 / نومبر (ایجنسیز) مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے کہا ہے کہ بی جے پی، تلنگانہ میں برسر اقتدار آنے پر یکساں سیول کوڈ پر عمل کیا جائے گا۔ انہوں نے آج حیدرآباد میں تلنگانہ کا منشور جاری کیا۔ انہوں نے کہا کہ ریاست میں اصلاحات پر عمل کے لئے کمیٹی تشکیل دی جائے گی۔ انہوں نے تلنگانہ میں عمل کئے جانے والے 4 فیصد مسلم ریزرویشن کو بھی ختم کرنے کا اعلان کیا اور کہا کہ یہ غیر قانونی کوٹہ ہے۔ انہوں نے اس ریزرویشن کو ختم کرتے ہوئے او بی سیز، دلتوں اور ایس ٹیز کے کوٹہ میں اضافہ کا اعلان کیا۔ اس منشور میں کئے گئے اہم وعدوں میں مرکزی حکومت کی جانب سے کھاد پر دی جارہی فی ایکڑ 18000 روپئے کی سبسیڈی کے علاوہ چھوٹے اور معمولی کسانوں کو کھاد اور بیج خریدنے کے لیے 2,500 روپے کی ان پٹ سبسڈی، ہر کسان کے لیے مفت فصل انشورنس کا نفاذ، دھان کی امدادی قیمت 3 ہزار 100 روپے، ہلدی کے لیے مارکٹ انٹروینشن فنڈ کا قیام، دلچسپی رکھنے والے کسانوں کو گائیوں کی مفت فراہمی، نیشنل ہلدی بورڈ کے فیصلے کے مطابق نظام آباد ٹرمرک سٹی کا قیام، ایس سیز اور ایس ٹیز کے لیے موجودہ تحفظات کا دوبارہ جائزہ، قبائلی برادریوں کے تحفظات میں آبادی کے مطابق اضافہ، اندور ماڈل کے مطابق ویسٹ مینجمنٹ میں سینی ٹیشن ورکرس کو شریک مالکان کے طور پر تسلیم کرنا، سرکاری محکموں میں ایس سی اور ایس ٹی کے پسماندہ عہدوں کی نشاندہی کرنا اور انہیں فوری طور پر پُر کرنا اور بزرگ شہریوں کے لیے ایودھیا اور کاشی کا مفت سفر شامل ہے۔

## ہم 41 مزدوروں کو بحفاظت گھر واپس لائیں گے، ٹنل ایکسپرٹ کا بیان

نئی دہلی: اتراکھنڈ کے اترکاشی میں زیر تعمیر سرنگ میں پھنسے 41 مزدوروں کو نکالنے کے لیے ریسکیو آپریشن کا آج ساتواں دن ہے۔ سرنگ کے بین الاقوامی ماہر پروفیسر آرنلڈ ڈکس سے ریسکیو میں مدد کے لیے رابطہ کیا گیا ہے۔ وہ آن سائٹ ٹیم کی مدد کے لیے ہندوستان آ رہے ہیں۔ آج تک سے بات کرتے ہوئے، ماہر نے پھنسے ہوئے کارکنوں کو بچانے کے اپنے منصوبے پر تبادلہ خیال کیا۔ بین الاقوامی سرنگ کے ماہر آرنلڈ ڈکس نے کہا "میں اب ہندوستان جا رہا ہوں اور میرا مشن واضح ہے۔ سرنگ میں پھنسے 41 افراد کو محفوظ نکالنا ہے۔ میں نے ابھی آن سائٹ ٹیم سے بات کی ہے۔" آرنلڈ ڈکس نے کہا "ہم فی الحال ان لوگوں کو محفوظ بچانے کے لیے اپنے آپشنز پر بات کر رہے ہیں۔

## تمل ناڈو: گورنر کی طرف سے لوٹائے گئے
## 10 بلوں کو اسمبلی میں پھر ملی منظوری

چینائی: 18 / نومبر (ایجنسیز) تمل ناڈو کے وزیر اعلیٰ ایم کے اسٹالن نے 10 بلوں پر از سر نو غور کے لیے ہفتہ کے روز ریاستی اسمبلی میں ایک قرارداد پیش کیا۔ ساتھ ہی انھوں نے ریاستی اسمبلی کے ذریعہ پاس بلوں کو منظوری دینے سے روکنے پر گورنر کے تئیں شدید ناراضگی کا اظہار بھی کیا۔ دراصل جن 10 بلوں پر از سر نو غور کرنے کا قرارداد وزیر اعلیٰ نے ریاستی اسمبلی میں پیش کیا، وہ پہلے ہی اسمبلی سے منظور ہو کر گورنر آر این روی کے پاس بھیجا گیا تھا۔ گورنر نے ان بلوں کو واپس کر دیا تھا، حالانکہ آج پھر سے ان بلوں کو اسمبلی نے پاس کر دیا۔ اب ایک بار پھر ان بلوں کو منظوری کے لیے تمل ناڈو کے گورنر روی کے پاس بھیجا جائے گا۔ اس سے قبل ایوان میں اسٹالن نے قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا تھا کہ بغیر کوئی وجہ بتائے گورنر روی نے بلوں کو لوٹا دیا۔ انھوں نے بتایا کہ 2020 اور 2023 میں ایوان کے ذریعہ 2-2 بل پاس کیے گئے تھے، جبکہ گزشتہ سال 6 بل پاس ہوئے تھے۔ یہ 10 بل منظوری کے لیے گورنر کے پاس پڑے ہوئے تھے جنھیں گورنر نے حیرت انگیز طور پر واپس کر دیا۔ وزیر اعلیٰ اسٹالن کا کہنا تھا کہ ہندوستانی آئین کے آرٹیکل 200 کے تحت اگر ایوان میں بلوں کو پھر سے پاس کیا جاتا ہے اور منظوری کے لیے گورنر کے پاس بھیجا جاتا ہے تو وہ اس پر روک نہیں لگا سکتے۔ انھوں نے ایوان کی توجہ تمل ناڈو اسمبلی کے رول 143 کی طرف مبذول کرایا اور کہا کہ اس رول کے مطابق ایوان پھر سے بلوں پر از سر نو غور کر سکتی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے گورنر پر تلخ حملہ کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ وہ حکومت کی پیش قدمی کو روکنا چاہتے ہیں۔ گورنر نے اپنی ذاتی سنک کی وجہ سے بلوں کو لوٹایا ہے۔ بلوں کو منظوری نہیں دینا غیر جمہوری اور عوام مخالف ہے۔ انھوں نے الزام لگایا کہ مرکزی حکومت گورنرس کے ذریعہ غیر بی جے پی حکمراں ریاستوں کو ہدف بنا رہی ہے۔

## سنگدل باپ نے 3 بیٹیوں کو کولڈ رنک میں زہر دے دیا

کولکتہ: 18 / نومبر (ایجنسیز) جنوبی 24 پرگنہ کے کیننگ علاقہ میں ایک سنگدل باپ کے بیٹیوں کو زہر دے کر مارنے کی کوشش کا معاملہ سامنے آیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق لگاتار 4 بیٹیوں کی پیدائش سے مایوس ہو کر باپ نے اپنی 3 بڑی بیٹیوں کو کولڈ رنک میں زہر دے کر ہلاک کرنے کی کوشش کی۔ 3 میں سے ایک بیٹی کی موت ہو گئی ہے باقی 2 بیٹیاں ہسپتال میں زندگی اور موت کی جنگ لڑ رہی ہیں۔ ان کی حالت نازک بنی ہوئی ہے۔ پولیس نے باپ کو گرفتار کر لیا ہے۔ یکے بعد دیگرے 4 بیٹیوں کی پیدائش کے بعد سے ہی میاں اور بیوی کے درمیان جھگڑا روزانہ کا معمول بن گیا تھا۔ بیوی سے جھگڑنے کے بعد ہی اپنی 4 بیٹیوں کو ہلاک کرنے کا باپ نے فیصلہ کیا۔ جنوبی 24 پرگنہ کے کیننگ تھانے کے بلوچھا نکا گاؤں میں پیش آئے اس واقعہ کی وجہ سے سنسنی پیدا ہو گئی ہے۔ علاقہ مکینوں نے باپ کو سخت سزا دینے کا مطالبہ کیا ہے۔ پولیس ملزم کو پہلے ہی گرفتار کر چکی ہے۔ مقامی ذرائع کے مطابق گاؤں بلوچھا نکا کے رہائشی امین الدین سردار کی چند سال قبل شادی ہوئی تھی۔ شادی کے بعد سے ہی بیوی سے جھگڑے شروع ہو گئے تھے۔ چار بیٹیوں کی پیدائش ازدواجی اختلافات کافی بڑھ گئے تھے۔ امین الدین نے 4 لڑکیوں کو زہر دے کر قتل کرنے کا منصوبہ بنایا۔ پولیس ذرائع کے مطابق امین الدین نے چار میں سے تین بیٹیوں کو کولڈ ڈرنک پلا کر زہر دے دیا۔ رابعہ سردار نامی 13 سالہ بچی زہر کھانے کے فوری بعد ہی جاں بحق ہو گئی۔ باقی دو بیٹیاں عائشہ اور رچیہ سردار شدید علیل ہیں۔ انہیں مقامی ہسپتال کے ڈاکٹروں نے کلکتہ کے ایک اسپتال میں منتقل کرنے کا مشورہ دیا۔ اس وقت کلکتہ کے چترنجن اسپتال میں دو لڑکیاں موت سے لڑ رہی ہیں۔ ابتدائی تفتیش کے بعد پولیس نے بتایا کہ ملزم بیٹیوں کی پیدائش کی وجہ سے بیوی سے جھگڑا کرتا تھا۔ 10 نومبر کو اس نے کولڈ ڈرنک میں زہر ملایا اور چار لڑکیوں کو کھلانے کی کوشش کی۔ ایک لڑکی نے کھانا نہیں کھایا۔ باقی تین کولڈ ڈرنک پینے کے فوراً بعد بیمار ہو گئی۔ ان میں سے ایک کی موت ہو گئی۔ ملزم پہلے ہی گرفتار ہو چکا ہے۔ اس نے ایسی حرکت کیوں کی اس کی تحقیقات کی جا رہی ہیں۔ گرفتاری کے بعد امین الدین سے میڈیا نے پوچھا تو اس نے ایسا کیوں کیا۔ اس نے کہا کہ "بیوی سے جھگڑا ہوا تھا۔ تو میں نے زہر دے دیا۔

## پی ایم مودی کے بعد صدر جمہوریہ دروپدی مرمو
## کا بھی 'ڈیپ فیک' پر اظہارِ فکر

نئی دہلی: ڈیپ فیک کے بڑھتے معاملوں کے درمیان صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے شر پسندوں کے ذریعہ جنریٹیو آرٹیفیشیل انٹلیجنس (مصنوعی ذہانت) یعنی اے آئی کے استعمال پر اظہارِ فکر کیا ہے۔ انھوں نے خصوصاً ڈیپ فیک ویڈیوز کو لے کر اظہارِ فکر کیا ہے اور ہفتہ کے روز پولیس افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انھیں ہمیشہ تکنیک کے شعبہ میں اَپڈیٹ رہنے کی ضرورت ہے۔ قابل ذکر ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے بھی گزشتہ روز ڈیپ فیک کو لے کر فکر کا اظہار کیا تھا اور مثال دے کر بتایا بھی تھا کہ وہ ایک ویڈیو میں خود کو گاتے ہوئے دیکھ رہے تھے جبکہ وہ ویڈیو ان کی نہیں تھی۔ اب صدر مرمو نے بھی ڈیپ فیک پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے راشٹرپتی بھون میں 2022 بیچ کے آئی پی ایس (انڈین پولیس سروس) کے پروبیشنرز افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ "پولیس فورس کے سامنے سائبر کرائم، ڈرگ اسمگلنگ، دہشت گردی جیسے چیلنجز ہیں۔ نئی تکنیک اور سوشل میڈیا کے اثر سے حالات تیزی سے بدل رہے ہیں۔ جرائم پیشوں کے ذریعہ جنریٹو آرٹیفیشیل انٹلیجنس کا استعمال کیا جا رہا ہے اور ڈیپ فیک جیسے چیلنجز بھی ہیں۔ ایسے میں پولیس افسران کو ہمیشہ نئی تکنیک سے اَپڈیٹ رہنا ہوگا تا کہ جرائم پیشوں پر سبقت حاصل کیا جا سکے۔" صدر جمہوریہ نے کہا کہ نظام قانون اور پولیس انتظامیہ ریاستی حکومت کی ذمہ داری ہے، لیکن آئی پی ایس افسران ریاستی حکومت کے ذریعہ تقرر پولیس اہلکاروں کی قیادت کرتے ہیں۔ اس طرح ملک کی پولیس انتظامیہ متحد ہو کر کام کرتی ہے۔"

## اتر پردیش میں حلال سرٹیفکیشن کو لے کر تنازعہ پر
# جمعیۃ علماء ہند ناراض، وضاحتی بیان جاری

نئی دہلی: 18 / نومبر (ایجنسیز) حلال پروڈکٹس اور ان سے متعلق تصدیقات کے بارے میں لگاتار پروپیگنڈہ کی وجہ سے نوبت یہاں تک آن پہنچی ہے کہ اس سلسلے میں حضرت گنج تھانہ لکھنؤ میں ایک ایف آئی آر درج کی گئی ہے۔ جس کے بعد یہ ضروری ہو گیا ہے کہ جمعیت علمائے ہند حلال ٹرسٹ کے کام اور اس کے مقاصد کے سلسلے میں پیدا کردہ غلط فہمیوں کا ازالہ کیا جائے۔ جمعیت علماء ہند حلال ٹرسٹ کے زیر اہتمام سرٹیفکیشن کا معاملہ مصنوعات تیار کرنے والی کمپنیوں اور ملک و بیرون ملک ان کی برآمد و درآمد کی ضروریات سے وابستہ ہے۔ اس کے علاوہ اسے کسی بھی تناظر میں پیش کرنا سراسر گمراہ کن شرارت ہے۔ موجودہ دور میں عالمی سطح پر حلال مصدقہ مصنوعات کی مانگ بہت زیادہ ہے اور عالمی بازار میں اپنے اثر و رسوخ بڑھانے کے لیے ہندستانی کمپنیوں کے لیے ایسی سرٹیفکیشن خدمات حاصل کرنا ناگزیر ہے، جس کی تائید وزارت تجارت، حکومت ہند نے خود کی ہے (وزارت تجارت کا نوٹیفکیشن نمبر 25 / 2022-23 مطالعہ فرمائیں)۔ یہ فرد اور پروڈکٹ تیار کرنے والی کمپنیوں کے ذاتی انتخاب کا بھی معاملہ ہے جو اپنے اطمینان کے لیے تصدیق کرنے والے ادارے کی تصدیق پر بھروسہ کرتے ہیں۔ نیز یہ عمل صارفین کی بڑی تعداد کو ایسی مصنوعات کے استعمال کرنے سے بچاتا ہے جن کو وہ مختلف وجوہات کی بنیاد پر پسند نہیں کرتے۔ جو لوگ ایسی مصنوعات استعمال نہیں کرنا چاہتے وہ ایسا نہ کرنے کے لیے آزاد ہیں، لیکن جو لوگ کرنا چاہتے ہیں، ان کو روکنا ان کے اختیار اور کھانے پینے کے انتخاب کی آزادی کو سلب کرنے کے مترادف ہے۔ حلال سرٹیفکیشن خدمات ہمارے ملک کے اقتصادی نظام کو بھی کافی تقویت پہنچاتی ہیں۔ ان کی ضرورت صرف ان ممالک میں نہیں ہے، جہاں ہماری مصنوعات اکسپورٹ ہوتی ہیں، بلکہ ہندوستان آنے والے سیاحوں کے لیے بھی ان کی ضرورت ہے۔ خاص طور پر وہ لوگ جو ہندوستان میں اپنے قیام کے دوران حلال مصدقہ مصنوعات تلاش کرتے ہیں، جیسا کہ وزارت تجارت و صنعت نے (خط نمبر 03 / 2023 مورخہ 6 اپریل 2023) اپنی طرف سے جاری کردہ پیغام میں وضاحت کی ہے۔ ہم یہ واضح کر دینا چاہتے ہیں کہ ہم حکومتی ضوابط کی مکمل پابندی کرتے ہیں اور ان امور کا پورا خیال رکھتے ہیں جن کی طرف وزارت تجارت و صنعت کے نوٹیفکیشن میں رہنمائی کی گئی ہے، جس میں تمام حلال سرٹیفکیشن اداروں کے لیے NABCB (نیشنل ایکریڈیٹیشن بورڈ برائے سرٹیفکیشن باڈیز) کے تحت رجسٹر ہونا لازمی ہے۔ جمعیت علمائے ہند حلال ٹرسٹ نے اس سنگ میل کو بھی کامیابی سے حاصل کر لیا ہے۔ جمعیت علماء ہند حلال ٹرسٹ کے حلال سرٹیفکیشن نظام کو دنیا بھر کی مختلف حکومتوں اور حکام نے تسلیم کیا ہے۔ ملیشیا (JAKIM)، انڈونیشیا، تھائی لینڈ (CICOT)، سنگاپور (MUIS)، جنوبی کوریا (MFDS)، قطر (MoH)، یواے ای (ESMA,MOIAT) (EIAC)، سعودی عرب (SFDA، SASO) تمام GCC ممالک (GAC) نے ہمارے سرٹیفکیٹ کو تسلیم کیا ہے اور ہم ان سے ایکریڈیٹیشن حاصل کر چکے ہیں۔ ہم ورلڈ حلال فوڈ کونسل کے رکن بھی ہیں۔ ان تمام توانائیوں کے ساتھ ہم اپیڈا (ایگریکلچر پروڈکٹس ایکسپورٹ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف انڈیا) اور دنیا بھر میں ہندوستانی سفارت خانوں کے ساتھ باہمی اشتراک عمل سے، عالمی منڈی میں ہندوستانی حلال سرٹیفائیڈ مصنوعات کو فعال طور پر فروغ دے رہے ہیں۔

## 'دلت کی پٹائی کرنے والے لیڈر کو بی جے پی نے ٹکٹ دے دیا'، کھڑگے کا پی ایم مودی پر حملہ

نئی دہلی: 18 / نومبر (ایجنسیز) راجستھان اسمبلی انتخاب کے پیش نظر ریاست میں سیاسی سرگرمیاں عروج پر ہیں۔ سبھی پارٹیاں انتخابی اجلاس اور ریلیوں میں مصروف ہیں۔ آج کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے بھی راجستھان پہنچے اور بھرت پور و تجارہ میں جلسہ عام سے خطاب کیا۔ اس دوران انھوں نے دلت ہرشادچھتی والمیکی کی پٹائی کرنے والے گراج سنگھ ملنگا کو بی جے پی کے ذریعہ باڑی اسمبلی سیٹ سے ٹکٹ دینے پر پی ایم مودی کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا۔ اس سے قبل کھڑگے نے وزیر اعلیٰ اشوک گہلوت کے ساتھ اسپتال میں داخل ہرشادچھتی والمیکی سے ملاقات بھی کی۔ قابل ذکر ہے کہ ہرشادچھتی کے ساتھ گزشتہ سال رکن اسمبلی گراج ملنگا نے بے رحمی سے پٹائی کی تھی۔ کانگریس نے اس معاملے کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے رکن اسمبلی کی ٹکٹ کاٹ دی تھی۔ ٹکٹ کٹنے کے بعد ملنگا بی جے پی میں شامل ہو گئے اور انھیں پارٹی نے امیدوار بھی بنا دیا۔ بہر حال، آج جلسہ عام میں موجود زبردست بھیڑ اور تالیوں کی گڑگڑاہٹ کے درمیان کھڑگے نے کہا کہ پی ایم مودی خود کو غریبوں کا مسیحا بتاتے ہیں، لیکن انھوں نے دلت ہرشادچھتی والمیکی کے ساتھ بے رحمی سے پٹائی کرنے والے ملنگا کو ہی ٹکٹ دے دیا۔ پی ایم مودی کی کتھنی اور کرنی میں بہت فرق ہے۔ والمیکی کے علاج میں وزیر اعلیٰ گہلوت نے خوب مدد کی اور چار مرتبہ ملاقات کے لیے بھی گئے۔ ایک طرف وزیر اعلیٰ مودی غریبوں، دلتوں کی بات کرتے ہیں اور دوسری طرف غریبوں و دلتوں پر مظالم کرنے والوں کو گلے لگا کر بی جے پی کا ٹکٹ دیتے ہیں۔ پی ایم مودی اس لیڈر کا حوصلہ بڑھا رہے ہیں جس نے دلت کی پٹائی کی۔ کھڑگے نے اپنے خطاب میں کہا کہ بی جے پی غریبوں کے پیچھے پڑی ہوئی ہے۔ مدھیہ پردیش میں قبائلی پر بی جے پی لیڈر نے پیشاب کیا۔ پھر وزیر اعلیٰ شیوراج سنگھ چوہان اس کے پیر دھو کر معافی مانگتے نظر آئے۔ لیکن پیر دھونے سے بی جے پی پر لگے اس داغ کے نشان نہیں مٹنے والے۔ کھڑگے نے مزید کہا کہ پی ایم مودی کا مقصد غریب کو غریب رکھنا اور امیر کو مزید امیر بنانا ہے۔ اس لیے پی ایم مودی ہمیشہ اپنے سرمایہ کار دوستوں کو فائدہ پہنچاتے ہیں۔ دوسری طرف کانگریس غریبوں، کسانوں اور نوجوانوں کے لیے کام کرتی ہے۔ پی ایم مودی نے ارب پتیوں کا تقریباً 15 لاکھ کروڑ روپے قرض معاف کر دیا، لیکن وہ کسانوں کا قرض معاف نہیں کرتے۔ راجستھان میں غریبوں کی حکومت ہے۔ کانگریس غریبوں کے لیے کچھ کرتی ہے تو مودی جی کہتے ہیں کہ کانگریس ریوڑی بانٹ رہی ہے، غریبوں کے لیے پورا خزانہ لٹا رہی ہے۔



